کل جماعتی کانفرنس

پولیو: قومی ہنگامی صورتحال

بدھ، 19 دسمبر 2012 اسلام آباد، پاکستان

مشترکہ اعلامیہ

تمہید:

پولیو مائیلیٹس (poliomyelitis) (عرف عام میں پولیو) کے حوالے سے ورلڈ ہیلتھ اسمبلی (WHA) کی قرارداد نمبر 61.1 ' جس میں اقوام عالم نے 'سالانہ 350,000 بچوں کو معذور کرنے والی بیماری پولیو کے خاتمے کا عزم کیا تھا' کے حوالے سے؛

پولیو سے پاک امت کے حصول کے لئے' پولیو وائرس والے آخری تین مسلم ممالک سے اپنی کوششوں کو دوگنا کرنے کا تقاضا کرنے والی' اسلامی کانفرنس کی تنظیم OIC کی قراردادوں کے پیش نظر؛

یہ مدنظر رکھتے ہوئے کہ پاکستان دہشت گردی کا شکار ہے اور دہشت گردی کے خلاف حالت جنگ میں ہے جس کی وجہ سے بھی ابھی تک پولیو کا خاطر خواہ خاتمہ نہیں ہوسکا۔

ہم' اسلامی جمہوریہ پاکستان کی سیاسی جماعتیں' درج ذیل اقدامات کے ذریعے پولیو وائرس کی وجہ سے ہونے والی عمر بھر کی معذوری سے ہر پاکستانی بچے کو بچانے کے عزم کا اظہار کرتے ہیں اور یہ اعلان کرتے ہیں کہ:

1۔ پولیو کے خاتمے کے منصوبے کو 2013 کے عام انتخابات کے لئے اپنے منشور کا حصہ بنایا جائے گا؛

2۔ پولیو کی منتقلی کو ''صحت عامہ کی قومی ہنگامی صورت حال'' کا درجہ دیتے ہوئے پولیو کے خاتمے کو قومی ترجیحی پروگرام بنایا جائے گا' جس میں ایمرجنسی ایکشن پلانز کی ڈویلپمنٹ اور اس پر مکمل عملدرآمد شامل ہوگا' اس پروگرام کو ہر چھ ماہ بعد اپ ڈیٹ کیا جائے گا تاوقتیکہ پولیو وائرس کی منتقلی مکمل طور پر ختم نہ ہو جائے؛

3۔ انسداد پولیو کے بارے میں عالمی اور قومی تکنیکی اداروں اور تنظیموں کی جانب سے سفارش کردہ' انسداد پولیو کی موجودہ اور مستقبل کی حکمت ہائے عملی پر مکمل عملدرآمد کے لئے مالیاتی اور انسانی دونوں وسائل مختص کئے جائیں گے۔

4۔ پولیو وائرس سے متاثرہ تمام علاقوں کے لئے قومی سطح کی مضبوط نگرانی اور احتسابی نظام کے حامل ایک ادارے کی تشکیل اور انسداد پولیو کی موجودہ اور نئی حکمت ہائے عملی پر مکمل عملدرآمد کا کام اسے تفویض کرنے کا اعادہ کرتے ہیں۔

5۔ ایک منتخب/اور مؤثر مقامی حکومتوں کے نظام کا قیام عمل میں لایا جائے گا جو پولیو کہ خاتمے کیلئے ناگزیر ہے۔

6۔ ہم ملک بھر میں پولیو مہم سے منسلک تمام کارکنان کی لگن اور کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ تمام سیاسی جماعتیں پولیو کارکنان پر حملوں یا ان کے کام میں رکاوٹ ڈالنے کی کسی بھی کوشش کی مذمت کرتی ہیں۔

1 عوامی نیشنل پارٹی ....
2 بلوچستان نیشنل پارٹی۔مینگل ....
3 جماعت اسلامی پاکستان ....
4 جمعیت علماء اسلام۔فضل الرحمان ....
5 جمعیت علماء اسلام۔نظریاتی ....
6 جمعیت علماء اسلام۔سمیع الحق ....
7 متحدہ قومی موومنٹ .... Sufyan Yusuf, MNA
8 نیشنل پارٹی ....
9 پاکستان مسلم لیگ ....
10 پاکستان مسلم لیگ۔فنکشنل ....
11 پاکستان مسلم لیگ۔نواز ....
12 پاکستان پیپلز پارٹی ....
13 پاکستان تحریک انصاف ....
14 قومی وطن پارٹی .... (Meraj Hamayun Khan)